سوال

(812)میری امت کے بہترین لوگ علماء ہوں گے   الخ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک حدیث ہے کہ میری امت کے بہترین لوگ علماء ہوں گے اور سب سے برے بھی علماء ہوں گے آپ بتائیں اس کی سند کیسی ہے ؟   عباس الٰہی ظہیر

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

حدیث {اَلاَاِنَّ شَرَّ الشَّرِ شِرَارُالْعُلَمَآئِ } الخ مشکوۃ میں بحوالہ دارمی موجود ہے مگر اس کی سند انتہائی کمزور ہے کیونکہ احوص بن حکیم سے نیچے دارمی تک سب راوی ضعیف ہیں پھر یہ ہے بھی مرسل کیونکہ حکیم تابعی ہے صحابی نہیں ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

[قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل]

جلد01 ص547

محدث فتویٰ